PHYSICS PAPER-II GROUP-I

MTN - 1 - 24

TIME ALLOWED: 15 Minutes	وقت = 15 منٹ
MAXIMUM MARKS: 12	کل نمبر = 12

OBJECTIVE حصہ معروضی

Q.No.1 سوال نمبر 1

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero mark in that question.

D	C	B	A	QUESTIONS / سوالات	Sr.No.
7.1×10^{11} years 7.1×10^{11} سال	7.1×10^{10} years 7.1×10^{10} سال	7.1×10^{9} years 7.1×10^{9} سال	7.1×10^{8} years 7.1×10^{8} سال	The half life of $^{235}_{92}U$ is: یورینیئم $^{235}_{92}U$ کی ہاف لائف ہے۔	1
$1+\frac{d}{f}$	$1-\frac{d}{f}$	$\frac{f_e}{f_o}$	$\frac{f_o}{f_e}$	The magnifying power of simple microscope is: سادہ مائیکروسکوپ کی میگنی فائنگ پاور ہوتی ہے۔	2
Wavelength ویولینگتھ	Amplitude ایمپلی ٹیوڈ	Frequency فریکوینسی	Speed سپیڈ	In a vacuum, all electromagnetic waves have the same: ویکیوم میں تمام الیکٹرو میگنیٹک ویوز ایک جیسی رکھتی ہیں۔	3
Amplitude ایمپلی ٹیوڈ	Wavelength ویولینگتھ	Period پیریڈ	Frequency فریکوینسی	The loudness of a sound is most closely related to its: ساؤنڈ کی لاؤڈنیس کا زیادہ تر انحصار ____ پر ہوتا ہے۔	4
The object distance جسم کے فاصلہ پر	The image distance امیج کے فاصلہ پر	The speed of light روشنی کی سپیڈ پر	The focal length فوکل لینگتھ پر	The index of refraction depends on: انڈیکس آف رفریکشن کا انحصار ہوتا ہے۔	5
10V	5V	2V	0.5 V	Five joules of work is needed to shift 10C of charge from one place to another. The potential difference between the places will be: ایک 10C کے چارج کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے پانچ جول ورک کرنا پڑتا ہے۔ ان دونوں مقامات کے درمیان پوٹینشل ڈفرینس ہو گا۔	6
Cannot be predicted بتانا مشکل ہے	Remains the same کوئی فرق نہیں پڑتا	Decreases کمی ہوتی ہے	Increases اضافہ ہوتا ہے	What does happen to the intensity or the brightness of the lamps connected in series as more and more lamps are added? سیریز طریقے سے جوڑے گئے بلبوں کی تعداد میں اضافہ کرنے سے ان کی روشنی کی شدت پر کیا فرق پڑتا ہے؟	7
$V_S = V_P /10$	$N_S = 10\,N_P$	$N_S = N_P /10$	$I_S = 10\,I_P$	The turn ratios of a transformer is 10. It means: اگر ٹرانسفارمر کے چکروں کی نسبت 10 ہو تو:	8
NAND gates نینڈ گیٹس	NOR gates نار گیٹس	OR gates آر گیٹس	NOT gates ناٹ گیٹس	AND gate can be formed by using two? کون سے دو گیٹس استعمال کریں تو اینڈ گیٹ جیسی آؤٹ پٹ حاصل ہو سکتی ہے؟	9
Control unit کنٹرول یونٹ	CPU سی پی یو	Memory میموری	Monitor مونیٹر	The brain of any computer system is: کسی بھی کمپیوٹر سسٹم کا دماغ ہے۔	10
None of these ان میں سے کوئی بھی نہیں	One eight $\frac{1}{8}$	One quarter ایک چوتھائی	One-half آدھی ہو جائے گی	The half life of a certain isotope is 1 day, what will be the quantity of the isotope after 2 days? ایک مخصوص آئسوٹوپ کی ہاف لائف ایک دن ہے۔ دو دن گزرنے کے بعد آئسوٹوپ کی مقدار کتنی ہو گی؟	11
Sec سیکنڈ	Hz ہرٹز	Meter میٹر	joule جول	The SI unit of amplitude is: ایمپلی ٹیوڈ کا SI یونٹ ہے۔	12

www.pakcity.org

TIME ALLOWED: 1.45 Hours

MAXIMUM MARKS: 48 | **SUBJECTIVE** حصہ انشائیہ | کل نمبر = 48

NOTE: Write same question number and its parts number on answer book, as given in the question paper.

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزنمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

MTN-1-24

SECTION-I حصہ اول

No.	English	Marks	Urdu	نمبر
2.	**Attempt any five parts.**	**10 = 2 × 5**	**کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔**	**سوال نمبر 2**
(i)	Define amplitude and write its unit.		ایمپلی ٹیوڈ کی تعریف کریں اور اس کا یونٹ لکھیں۔	(i)
(ii)	A wave moves on a slinky with frequency of 4Hz and wavelength of 0.4m. What is the speed of wave?		سلنکی پر موشن کرتی ہوئی ویو کی فریکوینسی 4Hz اور ویولینگتھ 0.4m ہے۔ ویو کی سپیڈ معلوم کریں۔	(ii)
(iii)	What do the dark and bright fringes represent on the screen of ripple tank?		ریپل ٹینک کی سکرین پر تاریک اور روشن لکیریں کیا ظاہر کرتی ہیں؟	(iii)
(iv)	Capacitor blocks D.C current but allows A.C current to pass through a circuit. How does this happen?		کپیسیٹر ڈی سی کرنٹ کو نہیں گزرنے دیتا لیکن اے سی کرنٹ کو سرکٹ میں سے گزرنے دیتا ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟	(iv)
(v)	Draw electric field lines for two opposite and equal point charges.		دو مخالف اور مساوی پوائنٹ چارجز کے درمیان الیکٹرک فیلڈ لائنز کھینچیں۔	(v)
(vi)	Write two basic characteristics of charges.		چارجز کی دو بنیادی خصوصیات لکھیں۔	(vi)
(vii)	Why does the resistance of conductor increase with increase in temperature?		ٹمپریچر بڑھنے سے کنڈکٹر کی رزسٹنس میں اضافہ کیوں ہو جاتا ہے؟	(vii)
(viii)	Write the analogy between battery and water pump.		بیٹری اور واٹر پمپ میں مماثلت لکھیں۔	(viii)
3.	**Attempt any five parts.**	**10 = 2 × 5**	**کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔**	**سوال نمبر 3**
(i)	What is the necessary conditions for the production of sound?		ساؤنڈ پیدا کرنے کے لیے کونسی لازمی شرائط کا ہونا ضروری ہوتا ہے؟	(i)
(ii)	What are two uses of ultrasound in medicine?		علم طب کے میدان میں الٹرا ساؤنڈ کے دو استعمالات کیا ہیں؟	(ii)
(iii)	Calculate the frequency of sound wave of speed $340ms^{-1}$ and wavelength $0.5m$.		ساؤنڈ کی فریکوینسی معلوم کیجیے جبکہ ساؤنڈ کی سپیڈ $340ms^{-1}$ اور ویولینگتھ $0.5m$ ہے۔	(iii)
(iv)	What is the difference between RAM and ROM memory?		ریم اور روم میموری میں کیا فرق ہے؟	(iv)
(v)	What is Flash Drive?		فلیش ڈرائیو کیا ہے؟	(v)
(vi)	What do you understand by word processing and data managing?		ورڈ پروسیسنگ اور ڈیٹا مینجنگ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟	(vi)
(vii)	Define Carbon Dating.		کاربن ڈیٹنگ کی تعریف کیجیے۔	(vii)
(viii)	Define Isotopes. Give its example.		آئسوٹوپس کی تعریف کیجیے۔ اس کی مثال دیں۔	(viii)
4.	**Attempt any five parts.**	**10 = 2 × 5**	**کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔**	**سوال نمبر 4**
(i)	Define resolving power and magnifying power.		ریزالونگ پاور اور میگنی فائنگ پاور کی تعریف کیجیے۔	(i)
(ii)	Define total internal reflection and critical angle.		ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن اور کریٹیکل اینگل کی تعریف کیجیے۔	(ii)
(iii)	What is the difference between real and virtual image?		رئیل اور ورچوئیل امیج کے درمیان کیا فرق ہے؟	(iii)
(iv)	State Faraday's law of electromagnetic induction.		فیراڈے کا الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن کا قانون بیان کیجیے۔	(iv)
(v)	State Lenz's Law.		لینز کا قانون بیان کیجیے۔	(v)
(vi)	How the electrons are deflected by an electric field?		الیکٹرک فیلڈ کے ذریعے الیکٹرونز کی ڈفلیکشن کیسے ہوتی ہے؟	(vi)
(vii)	Write the essential components of CRO.		کیتھوڈ رے اوسی لوسکوپ (CRO) کے ضروری حصوں کے نام لکھیے۔	(vii)
(viii)	Write the truth table of NOR gate and draw its symbol.		NOR گیٹ کی ٹروتھ ٹیبل لکھیے اور اس کا سمبل بنائیے۔	(viii)

SECTION-II حصہ دوم

No.	English	Marks	Urdu	نمبر
NOTE:	**Attempt any two questions.**	**18 = 2 × 9**	**کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔**	**نوٹ:۔**
5.(A)	Explain Coulomb's law of electrostatics and prove its mathematical form.	4	کولمب کے الیکٹروسٹیٹک کے قانون کی وضاحت کریں نیز اس کی حسابی شکل ثابت کریں۔	5۔(الف)
(B)	A current of 3mA is flowing through a wire for 1 minute. What is the charge flowing through it?	5	ایک وائر میں ایک منٹ میں 3mA کا کرنٹ بہتا ہے۔ وائر میں کتنا چارج گزر رہا ہے؟	(ب)
6.(A)	What is meant by electronic mail? Write any three uses of it.	4	الیکٹرونک میل سے کیا مراد ہے؟ اس کے کوئی سے تین استعمالات بیان کریں۔	6۔(الف)
(B)	If at Anarkali bazaar Lahore intensity level of sound is 80dB. What will be the intensity of sound there?	5	اگر انارکلی بازار لاہور میں ساؤنڈ کا انٹینسٹی لیول 80dB ہو تو اس ساؤنڈ کی انٹینسٹی کیا ہو گی؟	(ب)
7.(A)	How does work house safety alarm? Explain.	4	گھریلو سیفٹی الارم کیسے کام کرتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔	7۔(الف)
(B)	A step down transformer has turns ratio 1 : 100. An A.C voltage of amplitude 170V is applied to the primary. If the current in the primary coil is 1mA what is current in the secondary coil?	5	ایک سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر میں چکروں کی نسبت 1 : 100 ہے۔ پرائمری وولٹیج 170 وولٹ ہے اگر پرائمری کوائل میں کرنٹ 1mA ہو تو سیکنڈری کوائل میں کرنٹ معلوم کیجیے۔	(ب)

www.pakcity.org

Number: 3474

PHYSICS PAPER-II GROUP-II	گروپ۔دوسرا	پرچہ۔دوسرا	فزکس
TIME ALLOWED: 15 Minutes	MTN-2-24		وقت = 15 منٹ
MAXIMUM MARKS: 12	OBJECTIVE حصہ معروضی		کل نمبر = 12

سوال نمبر 1 / Q.No.1

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero mark in that question.

D	C	B	A	QUESTIONS / سوالات	Sr.No.
60W	30W	14.5W	4.8W	What is the power rating of a lamp connected to a 12V source when it carries 2.5A current? 12V کے سورس سے جوڑے گئے ایک لیمپ کی پاور کی شرح کیا ہو گی جبکہ اس میں سے 2.5 A کرنٹ بہہ رہا ہو۔	1
In vacuum خلا میں	In air ہوا میں	In water پانی میں	In metal میٹل میں	The speed of sound is more: آواز کی سپیڈ زیادہ ہوتی ہے:۔	2
Will be zero صفر ہو گی	Remains the same تبدیل نہیں ہو گی	Increases بڑھے گی	Decreases کم ہو گی	If the current in a wire which is placed perpendicular to a magnetic field increases, the force on the wire is: اگر میگنیٹک فیلڈ میں عموداً رکھی ہوئی وائر میں سے بہنے والے کرنٹ کی مقدار کو بڑھایا جائے تو وائر پر عمل کرنے والی میگنیٹک فورس ہو گی۔	3
Both of its inputs are "1" B = 1 اور A = 1	Any of its inputs is "1" B = 1 یا A = 1	Any of its inputs is "0" B = 0 یا A = 0	Both of its inputs are "0" B = 0 اور A = 0	The output of a NAND gate is "0" when: نینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ صفر ہو گی اگر:۔	4
External mail ایکسٹرنل میل	Electronic mail الیکٹرونک میل	Extra mail ایکسٹرا میل	Emergency mail ایمرجنسی میل	What does the term e-mail stand for? ای۔ میل کس شئے کا مخفف ہے؟	5
93 protons 93 پروٹونز	91 protons 91 پروٹونز	90 protons 90 پروٹونز	89 protons 89 پروٹونز	When Uranium (92 protons) ejects a beta particle, how many protons will be in the remaining nucleus? جب یورینیم (92 پروٹونز) بیٹا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے پروٹونز کی تعداد کتنی رہ جائے گی؟	6
Electroscope الیکٹروسکوپ	D.C motor ڈی۔سی موٹر	A.C generator اے۔سی جنریٹر	Transformer ٹرانسفارمر	The device which converts mechanical energy into electrical energy is called: ایک آلہ جو مکینیکل انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں تبدیل کرتا ہے۔	7
$v=\frac{\lambda}{f}$	$f\lambda=f$	$vf=\lambda$	$f\lambda=v$	The relation between v, f and λ of a wave is: ایک ویو کی ولاسٹی، فریکوینسی اور ویولینگتھ کے درمیان تعلق ہے۔	8
Chemical کیمیکل	Mechanical مکینیکل	Thermal تھرمل	Electrical الیکٹریکل	Which form of energy is sound? ساؤنڈ انرجی کی کونسی قسم ہے؟	9
1878 AD ء میں	1877 AD ء میں	1876 AD ء میں	1875 AD ء میں	Alexander Graham Bell made a simple telephone model in: الیگزینڈر گراہم بیل نے سادہ ٹیلی فون کا ماڈل بنایا۔	10
Upright and virtual سیدھی اور ورچوئل	Upright and real سیدھی اور رئیل	Inverted and virtual الٹی اور ورچوئل	Inverted and real الٹی اور رئیل	Which type of image is formed by a convex lens on a screen? کونیکس لینز سکرین پر کس قسم کی امیج بناتا ہے؟	11
Repels a neutral charge نیوٹرل چارج کو دفع کرتا ہے	Attracts a neutral charge نیوٹرل چارج کو کشش کرتا ہے	Repels other positive charge پوزیٹیو چارج کو دفع کرتا ہے	Attracts other positive charge پوزیٹیو چارج کو کشش کرتا ہے	A positive electric charge: ایک پوزیٹو الیکٹرک چارج دوسرے:۔	12

www.pakcity.org

PHYSICS PAPER-II GROUP-II	گروپ۔دوسرا	پرچہ۔دوسرا	
TIME ALLOWED: 1.45 Hours		وقت = 1.45 گھنٹے	
MAXIMUM MARKS: 48	SUBJECTIVE حصہ انشائیہ	MTN-2-24	کل نمبر = 48

NOTE: Write same question number and its parts number on answer book, as given in the question paper. نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزنمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

SECTION-I حصہ اول

2.	**Attempt any five parts.** $10 = 2 \times 5$	کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔	سوال نمبر2
(i)	What are damped oscillations? How damping progressively reduce the amplitude of oscillation?	ڈیمپڈ اوسی لیشنز سے کیا مراد ہے؟ ڈیمپنگ، اوسی لیشن کے ایمپلی ٹیوڈ کو بتدریج کیسے کم کرتی ہے؟	(i)
(ii)	Distinguish between longitudinal and transverse waves with suitable examples.	لونگیٹیوڈنل اور ٹرانسورس ویوز کے درمیان فرق کو موزوں مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔	(ii)
(iii)	A wave moves on a slinky with frequency of 4Hz and wavelength of 0.4m. What is the speed of wave?	سلنکی پر موشن کرتی ہوئی ویو کی فریکوینسی 4Hz اور ویولینگتھ 0.4 میٹر ہے۔ ویو کی سپیڈ معلوم کریں۔	(iii)
(iv)	What is meant by electric field and electric intensity?	الیکٹرک فیلڈ اور الیکٹرک انٹینسٹی سے کیا مراد ہے؟	(iv)
(v)	In what direction will a positively charged particle move in an electric field?	الیکٹرک فیلڈ میں پوزیٹیو چارجڈ ذرہ کس سمت میں حرکت کرے گا؟	(v)
(vi)	Differentiate between electric potential and potential difference?	الیکٹرک پوٹینشل اور پوٹینشل ڈیفرینس میں فرق واضح کریں۔	(vi)
(vii)	What is the difference between D.C and A.C?	ڈائریکٹ کرنٹ اور الٹرنیٹنگ کرنٹ میں کیا فرق ہے؟	(vii)
(viii)	Can current flow in a circuit without potential difference?	کیا ایک سرکٹ میں کرنٹ پوٹینشل ڈیفرینس کے بغیر بہہ سکتا ہے؟	(viii)
3.	**Attempt any five parts.** $10 = 2 \times 5$	کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔	سوال نمبر3
(i)	Calculate the frequency of sound wave of speed $340ms^{-1}$ and wavelength $0.5m$.	ساؤنڈ ویو کی فریکوینسی معلوم کیجیے اگر ساؤنڈ ویوز کی سپیڈ $340ms^{-1}$ اور ویولینگتھ $0.5m$ ہے۔	(i)
(ii)	On what factors loudness can depend? Write its names.	لاؤڈنیس کا انحصار کن عوامل پر ہوتا ہے؟ ان کے نام لکھیں۔	(ii)
(iii)	Write two uses of ultrasound.	الٹراساؤنڈ کے دو استعمالات تحریر کریں۔	(iii)
(iv)	What is the difference between Primary and Secondary memory?	پرائمری اور سیکنڈری میموری میں کیا فرق ہے؟	(iv)
(v)	What is meant by information and communication technology?	انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟	(v)
(vi)	Which is more reliable floppy disk or a hard disk for data storing?	ڈیٹا سٹور کرنے کے لیے فلاپی ڈسک یا ہارڈ ڈسک زیادہ قابل اعتماد کون سی ہے؟	(vi)
(vii)	What is meant by Half life of an element?	کسی ایلیمنٹ کی ہاف لائف سے کیا مراد ہے؟	(vii)
(viii)	Write down two hazards of radiation.	ریڈی ایشن کے کوئی سے دو خطرات لکھیں۔	(viii)
4.	**Attempt any five parts.** $10 = 2 \times 5$	کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔	سوال نمبر4
(i)	Define reflection of light and also write the name of the types of reflection.	روشنی کی ریفلیکشن کی تعریف کیجیے اور روشنی کی ریفلیکشن کی اقسام کے نام بھی لکھیے۔	(i)
(ii)	What is meant by regular and irregular reflection of light?	روشنی کی باقاعدہ اور بے قاعدہ ریفلیکشن سے کیا مراد ہے؟	(ii)
(iii)	Define Snell's law and write its formula.	سنیل کے قانون کی تعریف کیجیے اور اس کا فارمولا لکھیے۔	(iii)
(iv)	What is meant by magnetic resonance imaging(MRI)?	میگنیٹک ریزونینس امیجنگ سے کیا مراد ہے؟	(iv)
(v)	Define step up and step down transformer.	سٹیپ اپ اور سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر کی تعریف کیجیے۔	(v)
(vi)	Define mutual induction.	میوچل انڈکشن کی تعریف کیجیے۔	(vi)
(vii)	Write the name of parts of cathode ray oscilloscope(CRO).	کیتھوڈ رے اوسیلو سکوپ کے حصوں کے نام لکھیے۔	(vii)
(viii)	Define electronics.	الیکٹرونکس کی تعریف کیجیے۔	(viii)

SECTION-II حصہ دوم

NOTE:	**Attempt any two questions.** $18 = 2 \times 9$	کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔	نوٹ:۔
5.(A)	With the help of diagram derive the formula for the equivalent capacitance for a parallel combination of a number of capacitors. 1 + 3	شکل کی مدد سے پیرالل طریقہ سے جوڑے گئے متعدد کیپیسیٹرز کی مساوی کیپیسی ٹینس کا فارمولا اخذ کریں۔	5۔(الف)
(B)	A resistor of resistance 5.6Ω is connected across a battery of $3.0V$ by means of a wire of negligible resistance. A current of $0.5A$ passes through the resistor. Calculate: (a) power dissipated in the resistor. (b) Total power produced by the battery. 5	ایک رزسٹر جس کی رزسٹنس 5.6Ω ہے، اسے ایک معمولی رزسٹنس والی وائر کے ذریعے $3V$ کی بیٹری کے ساتھ جوڑا گیا ہے۔ اگر اس رزسٹر سے $0.5A$ کرنٹ بہتا ہو تو: (a) رزسٹر میں صرف ہونے والی پاور معلوم کریں۔ (b) بیٹری کی کل پیدا ہونے والی پاور معلوم کریں۔	(ب)
6.(A)	What is meant by flow of information? Describe the function of each part with simple diagram. 4	انفارمیشن کے بہاؤ سے کیا مراد ہے؟ سادہ ڈائیاگرام کی مدد سے ہر حصہ کی وضاحت کیجیے۔	6۔(الف)
(B)	If at Anarkali bazaar Lahore intensity level of sound is 80dB. What will be the intensity of sound there? 5	اگر انارکلی بازار لاہور میں ساؤنڈ کا انٹینسٹی لیول 80dB ہو تو اس ساؤنڈ کی انٹینسٹی کیا ہوگی؟	(ب)
7.(A)	Define total internal reflection with the help of diagram. Explain. 1+1+2	ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن کی تعریف کریں اور ڈایاگرام کی مدد سے اس کی وضاحت کریں۔	7۔(الف)
(B)	A step-up transformer has a turn ratios of 1 : 100. An alternating supply of 20V is connected across the primary coil. What is the secondary voltage (V_S)? 5	ایک سٹیپ اپ ٹرانسفارمر میں چکروں کی نسبت 1 : 100 ہے۔ اگر پرائمری کوائل کو 20V کے اے سی سورس کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو سیکنڈری وولٹیج (V_S) معلوم کریں۔	(ب)

www.pakcity.org

Paper Code Number: 3475	2023 (1st-A) SSC PART-II (10th Class)	رول نمبر ________

PHYSICS GROUP-I MTN-1-23 فزکس (گروپ پہلا)

TIME ALLOWED: 15 Minutes وقت = 15 منٹ

MAXIMUM MARKS: 12 **OBJECTIVE** حصہ معروضی کل نمبر = 12

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

Note: You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, Fill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero mark in that question. No credit will be awarded in case BUBBLES are not filled. Do not solve questions on this sheet of OBJECTIVE PAPER.

Q.No.1 سوال نمبر 1۔

(1) How does sound travel from its source to your ear? ساؤنڈ پیدا ہونے والے جسم سے آپ تک کیسے پہنچتی ہے؟

- (A) By changes in air pressure ہوا کے دباؤ میں تبدیلی کی وجہ سے
- (B) By vibrations in wires or strings تار یا ڈوری کی وائبریشن سے
- (C) By electromagnetic wave الیکٹرومیگنیٹک ویوز کی بدولت
- (D) By infrared waves انفراریڈ ویوز کی بدولت

(2) Speed of sound at room temperature is: روم ٹمپریچر پر ساؤنڈ کی سپیڈ ہے۔

(A) 350 ms^{-1} (B) 330 ms^{-1} (C) 340 ms^{-1} (D) 320 ms^{-1}

(3) The unit of intensity of sound is: ساؤنڈ کی انٹینسٹی کا یونٹ ہے۔

(A) Wm^{-1} (B) Wm^{-2} (C) Wm (D) Wm^{-3}

(4) The turn ratio of transformer is 10, it means: اگر ٹرانسفارمر کے چکروں کی نسبت 10 ہو تو۔

(A) $I_S = 10 I_P$ (B) $V_S = N_P/10$ (C) $N_S = 10NP$ (D) $V_S = VP/10$

(5) The logical operation performed by this gate is: اس گیٹ سے کون سا لاجک آپریشن حاصل ہوتا ہے؟

(A) AND اینڈ (B) NOT ناٹ (C) NOR نار (D) OR آر

(6) What is the power rating of a lamp connected to 12V source when it carries 2.5A? 12V کے سورس سے جوڑے گئے ایک لیمپ کی پاور کی شرح کیا ہوگی جبکہ اس میں سے 2.5A کرنٹ بہہ رہا ہو۔

(A) 4.8 W (B) 14.5 W (C) 30 W (D) 60 W

(7) The correct relation between focal length(f) and Radius of curvature(R) is: فوکل لینگتھ (f) اور ریڈیس آف کروچر (R) کے درمیان درست تعلق ہے۔

(A) $f = R/2$ (B) $f = R$ (C) $f = 2R$ (D) $f = R/3$

(8) What does the term E-mail stands for? ای-میل کس کا مخفف ہے؟

- (A) Emergency mail ایمرجنسی میل
- (B) Electronic mail الیکٹرونک میل
- (C) Extra mail ایکسٹرا میل
- (D) External mail ایکسٹرنل میل

(9) Half life of Hydrogen is: ہائیڈروجن کی ہاف لائف ہے۔

(A) 12.3 years (B) 5730 years (C) 30 years (D) 2.85 years

(10) How many components of a CBIS have? کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم (CBIS) کے حصوں کی تعداد کتنی ہے؟

(A) 02 (B) 03 (C) 05 (D) 06

(11) The relation between v, f and λ of a wave is: ایک ویو کی ولاسٹی v، فریکوئنسی f اور ویو لینگتھ λ کے درمیان تعلق ہے۔

(A) $vf = \lambda$ (B) $f\lambda = v$ (C) $v = \lambda/f$ (D) $v\lambda = f$

(12) When did Christian Huygens invent the pendulum clock? کرسچین ہائیجن نے پنڈولم کلاک کب دریافت کیا؟

(A) 1656 AD ء میں (B) 1756 AD ء میں (C) 1856 AD ء میں (D) 1956 AD ء میں

18(Obj)(☆☆☆)-2023(1st-A)-65000 (MULTAN)

www.pakcity.org

2023 (1^{st}-A)

SSC PART-II (10^{th} Class)

رول نمبر ______________

PHYSICS GROUP-I — فزکس (گروپ پہلا)

TIME ALLOWED: 1.45 Hours — وقت = 1.45 گھنٹے

MTN-1-23

MAXIMUM MARKS: 48 — کل نمبر = 48

SUBJECTIVE حصہ انشائیہ

NOTE: Write same question number and its parts number on answer book, as given in the question paper.

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جز نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

SECTION-I حصہ اول

2. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر2۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) What is meant by Restoring Force? — ریسٹورنگ فورس سے کیا مراد ہے؟

(ii) Find the Time Period of a Simple Pendulum 1.0 m long. — ایک میٹر لمبائی کے سادہ پینڈولم کا ٹائم پیریڈ معلوم کریں۔

(iii) How does the thickness of a lens affect its focal length? — لینز کی موٹائی اس کی فوکل لینگتھ کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

(iv) Define Power of a lens and write its unit. — لینز کی پاور کی تعریف کریں اور اس کا یونٹ لکھیں۔

(v) What is meant by Nearsightedness? — قریب نظری سے کیا مراد ہے؟

(vi) Draw the symbol of OR gate and also write its Truth Table. — OR گیٹ کا سمبل بنائیں اور اس کا ٹروتھ ٹیبل بھی تحریر کیجیے۔

(vii) What is the difference between Analogue to digital converter and Digital to analogue converter? — اینالاگ ٹو ڈیجیٹل کنورٹر اور ڈیجیٹل ٹو اینالاگ کنورٹر میں کیا فرق ہے؟

(viii) Define Electronics. — الیکٹرونکس کی تعریف کریں۔

3. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر3۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) Define Sound and write the necessary conditions for the production of sound. — آواز کی تعریف کریں۔ آواز کے پیدا ہونے کے لیے ضروری شرائط لکھیں۔

(ii) Define Intensity of Sound and write its unit. — انٹینسٹی آف ساؤنڈ کی تعریف کریں اور اس کا یونٹ لکھیں۔

(iii) Calculate the frequency of sound wave of speed 340 ms^{-1} and wavelength 0.5 m. — ساؤنڈ ویو کی فریکوینسی معلوم کریں، جبکہ ساؤنڈ کی سپیڈ 340 ms^{-1} اور ویولینگتھ 0.5 m ہو۔

(iv) Write down Coulomb's Law and its expression. — کولمب کا قانون بیان کریں اور مساوات لکھیں۔

(v) In what direction will a positively charged particle move in an electric field? — الیکٹرک فیلڈ میں پوزیٹو طور پر چارجڈ ذرہ کس سمت میں حرکت کرے گا؟

(vi) Define Capacitance and its SI unit. — کپیسیٹینس اور اس کے ایس آئی یونٹ کی تعریف کریں۔

(vii) Write two advantages of e-mail. — الیکٹرونک میل کے دو فوائد لکھیں۔

(viii) Define cell phone. — سیل فون کی تعریف کریں۔

4. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر4۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) What is meant by Ohmic and non-Ohmic Conductors? — اوہمک اور نان اوہمک کنڈکٹرز سے کیا مراد ہے؟

(ii) Calculate one month cost of using 50W energy saver for 8 hours daily in your study room. Assume that the price of a unit is Rs.12. — اگر آپ کے مطالعہ کے کمرہ میں لگا ہوا 50W کا انرجی سیور روزانہ آٹھ گھنٹے استعمال ہو تو ایک مہینہ کا بل معلوم کریں۔ فرض کریں فی یونٹ بجلی کی قیمت بارہ روپے ہے۔

(iii) What is the function of Ammeter and Voltmeter? — ایمیٹر اور وولٹ میٹر کس کام آتے ہیں؟

(iv) What is meant by M.R.I? — M.R.I سے کیا مراد ہے؟

(v) Describe Fleming's Left Hand Rule. — فلیمنگ کا بائیں ہاتھ کا اصول بیان کریں۔

(vi) Which has more Penetrating Power; an Alpha Particle or Gamma Ray Photon? — الفا پارٹیکل یا گیما ریے فوٹان میں سے کس کی پینیٹریٹنگ پاور زیادہ ہوتی ہے؟

(vii) What is meant by Nuclear Fusion? — نیوکلیئر فیوژن سے کیا مراد ہے؟

(viii) Define Isotopes and give one example. — آئسوٹوپس کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org

 MTN-1-23

SECTION-II حصہ دوم

NOTE: Attempt any two questions. **18 = 2 × 9** نوٹ:۔ کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

5.(A) Explain refraction of light through prism with diagram. 2 + 2 = 4

5۔(الف) پرزم کے ذریعے روشنی کی رفریکشن ڈایاگرام بنا کر وضاحت کریں۔

(B) What is the wavelength of the radiowaves transmitted by an FM station at 90 MHz? Where $1M = 10^6$, and speed of radiowave is $3 \times 10^8 ms^{-1}$. 5

(ب) ایک ایف ایم ریڈیو سٹیشن 90 MHz کی ریڈیو ویوز پیدا کرتا ہے۔ ان ویوز کی ویولینگتھ کیا ہو گی؟ جبکہ $1M = 10^6$ اور ریڈیو ویوز کی سپیڈ $3 \times 10^8 ms^{-1}$ ہے۔

6.(A) What is meant by Secondary Storage Memory? Describe the Magnetic disks and Hard disk. 4

6۔(الف) سیکنڈری سٹوریج میموری سے کیا مراد ہے؟ نیز میگنیٹک ڈسکس اور ہارڈ ڈسک کی وضاحت کریں۔

(B) A sound wave has a frequency of 2 kHz and wavelength 35cm. How long will it take to travel 1.5 km? 5

(ب) ایک ساؤنڈ ویو کی فریکوینسی اور ویولینگتھ بالترتیب 2kHz اور 35cm ہیں۔ اسے 1.5 km کا فاصلہ طے کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہو گا؟

7.(A) What is Solenoid? Explain the magnetic field of solenoid. How can we find the direction of magnetic field produced in the Solenoid? 1 + 2 + 1

7۔(الف) سولینائڈ کیا ہے؟ سولینائڈ کے میگنیٹک فیلڈ کی وضاحت کریں۔ ہم سولینائڈ میں میگنیٹک فیلڈ کی سمت کیسے معلوم کر سکتے ہیں؟

(B) A 100 W lamp bulb and a 4kW water heater are connected to a 250V supply. 1 + 1 + 1 + 1 + 1
Calculate: (a) the current which flows in each appliance
(b) the resistance of each appliance when in use

(ب) ایک 100W کا بلب اور 4kW کے واٹر ہیٹر کو 250 V سپلائی کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ معلوم کریں:۔
(a) ہر اپلائنس میں سے بہنے والا کرنٹ (b) استعمال کے دوران ہر اپلائنس کی رزسٹنس

www.pakcity.org

aper Code
umber: 3478

2023 (1^{st}-A)
SSC PART-II (10^{th} Class)

رول نمبر

HYSICS (GROUP-II) — فزکس (گروپ دوسرا)

MTN-2-23

IME ALLOWED: 15 Minutes — وقت = 15 منٹ

IAXIMUM MARKS: 12 — کل نمبر = 12

OBJECTIVE حصہ معروضی

نوٹ- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

ote: You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, ill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or iore bubbles will result in zero mark in that question. No credit will be awarded in case BUBBLES are not filled. Do not solve uestions on this sheet of OBJECTIVE PAPER.

).No.1 — سوال نمبر 1۔

(1) Which is an example of longitudinal wave? — لونگیٹیوڈنل ویو کی مثال ہے۔

(A) Sound wave ساؤنڈ ویو (B) Light wave روشنی کی ویو (C) Radio wave ریڈیو ویو (D) Water wave پانی کی ویو

(2) The sound intensity level of whisper is: — سرگوشی کا ساؤنڈ انٹینسٹی لیول ہے۔

(A) 10 dB (B) 30 dB (C) 40 dB (D) 70 dB

(3) Which of the following quantities is not changed during refraction of light? — روشنی کی رفریکشن کے دوران مندرجہ ذیل میں سے کون سی مقدار تبدیل نہیں ہوتی؟

(A) Its direction اس کی سمت (B) Its speed اس کی سپیڈ
(C) Its frequency اس کی فریکوینسی (D) Its wavelength اس کی ویولینتھ

(4) The value of Refractive Index of air is: — ہوا کے رفریکٹو انڈیکس کی قیمت ہے۔

(A) 2 (B) 3 (C) 1 (D) 4

(5) A positive electric charge : — ایک پوزیٹو الیکٹرک چارج دوسرے

(A) Attracts other positive charge پوزیٹو چارج کو کشش کرتا ہے
(B) Repels other positive charge پوزیٹو چارج کو دفع کرتا ہے
(C) Attracts a neutral charge نیوٹرل چارج کو کشش کرتا ہے
(D) Repels a neutral charge نیوٹرل چارج کو دفع کرتا ہے

(6) An electric current in conductors is due to the flow of: — کنڈکٹرز میں الیکٹرک کرنٹ کے بہاؤ کی وجہ ہے۔

(A) Positive ions پوزیٹو آئنز (B) Negative ions نیگیٹو آئنز
(C) Positive charges پوزیٹو چارجز (D) Free electrons آزاد الیکٹرونز

(7) Which statement is true about the magnetic poles? — میگنیٹک پولز کے متعلق کون سا بیان درست ہے؟

(A) Unlike poles repel مخالف پولز دفع کرتے ہیں (B) Like poles attract ایک جیسے پولز کشش کرتے ہیں
(C) Magnetic poles do not effect each other میگنیٹک پولز ایک دوسرے پر اثر انداز نہیں ہوتے
(D) A single magnetic pole does not exist اکیلا میگنیٹک پول اپنا وجود برقرار نہیں رکھ سکتا

(8) The process by which electrons are emitted by a hot metal surface is known as: — ایسا طریقہ کار جس میں میٹل کی گرم سطح سے الیکٹرونز خارج ہوں، کہلاتا ہے۔

(A) Boiling بوائلنگ (B) Evaporation ایویپوریشن
(C) Conduction کنڈکشن (D) Thermionic emission تھرمیونک ایمیشن

(9) In computer terminology information means: — کمپیوٹر ٹرمینالوجی میں انفارمیشن کا مطلب ہے۔

(A) Any data کوئی بھی ڈیٹا (B) Raw data فالتو ڈیٹا (C) Processed data پروسیسڈ ڈیٹا (D) Large data زیادہ ڈیٹا

(10) Isotopes are atoms of same element with different: — آئسوٹوپس ایک ہی ایلیمنٹ کے ایسے ایٹمز ہوتے ہیں جن کا مختلف ہوتا ہے۔

(A) Atomic mass اٹامک ماس (B) Atomic number اٹامک نمبر
(C) Number of protons پروٹونز کی تعداد (D) Number of electrons الیکٹرونز کی تعداد

(11) If the mass of bob of a pendulum is increased by a factor of 3, the period of the pendulum's motion will: — اگر کسی پینڈولم کی گولی کا ماس تین گنا کر دیا جائے تو اس پینڈولم کی موشن کا پیریڈ کتنا ہو جائے گا؟

(A) be increased by a factor of 2 دو گنا بڑھ جائے گا (B) remain the same کوئی فرق نہیں پڑے گا
(C) be decreased by a factor of 2 دو گنا کم ہو جائے گا (D) be decreased by a factor of 4 چار گنا کم ہو جائے گا

www.pakcity.org

2023 (1^{st}-A)

SSC PART-II (10^{th} Class) بر ________

PHYSICS (GROUP-II) فزکس (گروپ دوسرا)

TIME ALLOWED: 1.45 Hours MTN-2-23 وقت = 1.45 گھنٹے

MAXIMUM MARKS: 48 **SUBJECTIVE** حصہ انشائیہ کل نمبر = 48

NOTE: Write same question number and its parts number on answer book, as given in the question paper.

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جز نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

SECTION-I حصہ اول

2. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر 2۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) Prove $v = f\lambda$ — $v = f\lambda$ ثابت کریں۔

(ii) Define Damped Oscillations and give one example. — ڈیمپڈ اوسی لیشنز کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

(iii) Draw the Ray diagram for the virtual image formation in a plane mirror. — پلین مرر میں ورچوئل امیج کی بناوٹ کی رے ڈایا گرام بنائیں۔

(iv) What is the difference between near point and far point? — نقطہ قریب اور نقطہ بعید میں کیا فرق ہے؟

(v) Under what conditions will a converging lens form a virtual image? — کنورجنگ لینز کن شرائط کے تحت ورچوئل امیج بناتا ہے؟

(vi) Draw the symbol of NAND gate and also write its truth table. — نینڈ گیٹ کا سمبل بنائیں اور اس کا ٹروتھ ٹیبل بھی تحریر کیجیے۔

(vii) What is the function of electron gun? — الیکٹرون گن کا کیا کام ہے؟

(viii) Define Cathode Ray Oscilloscope. — کیتھوڈ رے اوسیلو سکوپ کی تعریف کریں۔

3. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر 3۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) Define loudness and write the name of factors on which loudness depends. — لاؤڈنیس کی تعریف کریں اور ان عوامل کے نام لکھیں جن پر لاؤڈنیس انحصار کرتی ہے۔

(ii) What is audible frequency range for human ear? — قابل سماعت ساؤنڈ کی فریکوینسی کی حدود انسانی کان کے لیے کیا ہیں؟

(iii) Calculate the intensity levels of the faintest audible sound. — قابل سماعت مدھم ساؤنڈ کا انٹینسٹی لیول نکالیں۔

(iv) Define electroscope and draw its figure. — الیکٹروسکوپ کی تعریف کریں اور اس کی شکل بنائیں۔

(v) A charged rod attracts pieces of paper after a while these pieces fly away, why? — ایک چارجڈ سلاخ کاغذ کے ٹکڑوں کو کشش کرتی ہے کچھ دیر بعد یہ ٹکڑے سلاخ سے الگ ہو جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

(vi) Write two differences between data and information. — ڈیٹا اور انفارمیشن کے درمیان دو فرق لکھیں۔

(vii) What are primary memory devices? — پرائمری میموری ڈیوائسز کیا ہیں؟

(viii) Define Information and Communication Technology. — انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی تعریف کریں۔

4. Attempt any five parts. 10 = 2 × 5

سوال نمبر 4۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) If the two Resistors; having resistances 6Ω and 8Ω are connected in series; find their equivalent resistance. — اگر دو رزسٹرز جن کی رزسٹنس بالترتیب 6Ω اور 8Ω ہو تو ان کی مساوی رزسٹنس معلوم کریں۔ اگر وہ سیریز میں جڑے ہوں۔

(ii) Define electric current. — الیکٹرک کرنٹ کی تعریف کریں۔

(iii) Prove that $1kWh = 3.6MJ$ — $1kWh = 3.6MJ$ ثابت کریں۔

(iv) What is the difference between generator and motor? — جنریٹر اور موٹر میں بنیادی فرق کیا ہے؟

(v) Describe Lenz's law. — لینز کا قانون بیان کریں۔

(vi) What is the difference between stable nuclei and unstable nuclei? — قیام پذیر نیوکلیائی اور غیر قیام پذیر نیوکلیائی میں کیا فرق ہے؟

(vii) How the radio isotopes used in the field of medical Treatment? — ریڈیو آئسوٹوپس میڈیکل ٹریٹمنٹ میں کس طرح استعمال ہوتے ہیں؟

(viii) Write two characteristics of gamma rays. — گیما ریز کی دو خصوصیات تحریر کریں۔

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org

 MTN-2-23

SECTION-II حصہ دوم

NOTE: Attempt any two questions. 18 = 2 × 9

نوٹ:- کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

5.(A) What are mechanical waves? Explain types of mechanical waves with examples.

5۔(الف) مکینیکل ویوز کیا ہوتی ہیں؟ مکینیکل ویوز کی اقسام کو مثالوں سے واضح کریں۔ 1 + 1 + 1 + 1

(B) An object and its image in a concave mirror are of the same height, yet inverted, when the object is 20cm from the mirror. What is the focal length of the mirror?

(ب) ایک کنکیو مرر سے 20cm پر پڑے ہوئے جسم کے امیج کی اونچائی جسم کی اونچائی کے برابر ہے۔ مگر امیج الٹی ہے۔ مرر کی فوکل لینگتھ کیا ہوگی؟ 5

6.(A) What is meant by an acoustic protection? Explain its method.

6۔(الف) صوتی نگہبانی سے کیا مراد ہے؟ اس کے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔ 4

(ب) دو چارجز 5cm کے فاصلہ پر پڑے ہوں تو وہ ایک دوسرے کو 0.1N کی فورس سے دفع کرتے ہیں۔ ان چارجز کے درمیان فورس کی قیمت معلوم کریں جب وہ 2cm کے فاصلے پر رکھے گئے ہوں۔ 5

(B) Two charges repel each other with a force of 0.1N when they are 5cm apart, find the forces between the same charges when they are 2cm apart.

7۔(الف) سپیسیفک رزسٹنس سے کیا مراد ہے؟ ایک تار جس کی لمبائی "L" اور کراس سیکشنل ایریا "A" ہے کے لیے رزسٹنس "R" اور سپیسیفک رزسٹنس "ρ" کے درمیان تعلق کی مساوات اخذ کریں۔ 1 + 3

7.(A) What is meant by specific resistance? For a wire of length "L" and cross sectional area "A" derive the relation between the resistance "R" and specific resistance "ρ"?

(ب) ایک ٹرانسفارمر 240V اے سی کو 12V اے سی میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اگر پرائمری کوائل میں چکروں کی تعداد 4000 ہو تو سیکنڈری کوائل میں چکروں کی تعداد معلوم کریں۔ اگر ٹرانسفارمر کی ایفی شینسی 100٪ ہو تو پرائمری کوائل میں کرنٹ معلوم کریں جبکہ سیکنڈری کوائل میں کرنٹ 0.4A ہے۔

1 + 2 + 2 = 5

(B) A transformer, designed to convert the voltage from 240 V a.c mains to 12V, has 4000 turns on the primary coil. How many turns should be on the secondary coil? If the transformer were 100% efficient, what current would flow through the primary coil when the current in the secondary coil was 0.4 A?

www.pakcity.org

PHYSICS GROUP-I | فزکس گروپ ۔ پہلا

TIME ALLOWED: 15 Minutes | وقت = 15 منٹ

OBJECTIVE حصہ معروضی

M TN -G1-22

MAXIMUM MARKS: 12 | کل نمبر = 12

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

Note: you have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero mark in that question. No credit will be awarded in case BUBBLES are not filled. Do not solve questions on this sheet of OBJECTIVE PAPER.

Q.No.1 | سوال نمبر 1۔

(1) The unit of electric power is: | الیکٹرک پاور کا یونٹ ہے۔ (1)

(A) Ohm اوہم (B) Watt واٹ (C) Joule جول (D) Farad فیراڈ

(2) If the length of simple pendulum is halved, its time period will be: | اگر سادہ پینڈولم کی لمبائی آدھی کردی جائے تو اس کے ٹائم پیریڈ میں کیا تبدیلی رونما ہوگی؟ (2)

(A) $\sqrt{2}T$ (B) $\frac{T}{\sqrt{2}}$ (C) $2T$ (D) $\frac{T}{2}$

(3) Example of Longitudinal waves is: | لونگیٹیوڈنل ویوز کی مثال ہے۔ (3)

(A) Sound waves ساؤنڈ ویوز (B) Light waves روشنی کی ویوز (C) Radio waves ریڈیو ویوز (D) Water waves پانی کی ویوز

(4) The loudness of sound is most closely related to its: | ساؤنڈ کی لاؤڈنیس کا زیادہ تر انحصار کس پر ہوتا ہے؟ (4)

(A) Wavelength ویولینگتھ (B) Frequency فریکوئینسی (C) Period پیریڈ (D) Amplitude ایمپلی ٹیوڈ

(5) The image formed by Convex mirror is: | کنویکس مرر سے بننے والی امیج ہوتی ہے:۔ (5)

(A) Real and erect سیدھی اور رئیل (B) Real and inverted رئیل اور الٹی

(C) Virtual and erect ورچوئل اور سیدھی (D) Virtual and inverted ورچوئل اور الٹی

(6) in series combination of capacitors, each capacitor will have same: | اگر کپیسٹر کو سیریز طریقہ سے جوڑا جائے تو ہر کپیسٹر کے لیے برابر ہوگا۔ (6)

(A) Charge چارج (B) Voltage وولٹیج (C) Capacitance کپیسی ٹینس (D) Charge & voltage چارج اور وولٹیج

(7) Electric power is equal to: | الیکٹرک پاور برابر ہے۔ (7)

(A) I^2R^2 (B) IV (C) I^2V (D) IV^2

(8) Transformer is used to change the value of: | ٹرانسفارمر استعمال کیا جاتا ہے قیمت (مقدار) بدلنے کے لیے:۔ (8)

(A) Energy انرجی (B) Charge چارج (C) Power پاور (D) Voltage وولٹیج

(9) The out put of two input NAND gate is "0" when: | دو ان پٹ والے نینڈ گیٹ کی آوٹ پٹ "0" ہوتی ہے جب:۔ (9)

(A) A = 0, B = 0 (B) A = 1, B = 1 (C) A = 0, B = 1 (D) A = 1, B = 0

(10) In computer terminology information means: | کمپیوٹر ٹرمینالوجی میں انفارمیشن کا مطلب ہے۔ (10)

(A) Large data زیادہ ڈیٹا (B) Raw data فالتو ڈیٹا (C) Processed data پروسیسڈ ڈیٹا (D) Any data کوئی بھی ڈیٹا

(11) When Uranium (92 Protons) ejects a beta particle, how many protons are left in remaining nucleus? | جب یورینیم (92 پروٹونز) بیٹا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے نیوکلیس میں پروٹونز کی تعداد کتنی رہ جائے گی؟ (11)

(A) پروٹونز 90 Protons (B) پروٹونز 91 Protons (C) پروٹونز 92 Protons (D) پروٹونز 93 Protons

12) If frequency of a wave is 4Hz and wavelength is 0.4 m what will be its speed? | اگر ایک ویو کی فریکوئینسی 4Hz اور ویولینگتھ 0.4m ہو تو اس کی سپیڈ ہوگی۔ (12)

(A) $1.6\,ms^{-1}$ (B) $16\,ms^{-1}$ (C) $0.16\,ms^{-1}$ (D) $160\,ms^{-1}$

www.pakcity.org

SSC PART-II (10th CLASS)

PHYSICS GROUP-I فزکس گروپ - پہلا

TIME ALLOWED: 1.45 Hours **SUBJECTIVE** حصہ انشائیہ وقت = 1.45 گھنٹے

MAXIMUM MARKS: 48 M TW-G1-22 کل نمبر = 48

NOTE: Write same question number and its part number on answer book, as given in the question paper.

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

SECTION-I حصہ اول

2- Attempt any five parts. 10 = 2 x 5 سوال نمبر2۔ کوئی سے پانچ اجزا کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) Write down the difference between Conductor and Insulator. کنڈکٹر اور انسولیٹر کے درمیان فرق بیان کریں۔

(ii) How Ammeter is connected in circuit to measure the current, support your answer with reason. سرکٹ میں کرنٹ کی پیمائش کے لیے ایم میٹر کو کیسے جوڑا جاتا ہے؟ دلیل سے بیان کریں۔

(iii) Why some elements are radioactive and some are not radioactive? کچھ ایلیمنٹ ریڈیو ایکٹیو ہوتے ہیں اور کچھ ایلیمنٹ ریڈیو ایکٹیو نہیں ہوتے، کیوں؟

(iv) Write two main features of parallel combination of resistors. رزسٹرز کے پیرالل جوڑ کی دو اہم خصوصیات تحریر کریں۔

(v) What is Solenoid? State the principle to determine its polarity. سولینائڈ کیا ہے؟ اس کی پولیرٹی معلوم کرنے کا اصول بیان کریں۔

(vi) The core of transformer play important role, state it. ٹرانسفارمر میں کور کا اہم کردار ہے۔ بیان کریں۔

